Misba-hudduja University
جامعہ مصباحُ الدُّجیٰ
phone: 042-36127790 0300-7473505 www.mu.edu.pk
E-Mail:misbahudduja@yahoo.com
نیاز بیگ (ٹھوکر) لاہور پاکستان

# معروضی مشق نمبر 4 (قرأت ومسائل دینیہ فرسٹ سمیسٹر)

رجسٹریشن نمبر:............ تاریخ:............
نام سٹوڈنٹ............ ولدیت............
پتہ............ فون:............
ای میل:............ دستخط سٹوڈنٹ............

## حصہ: وضوء رسولؐ (درس4)

1. وضو کے پانچ متفق علیہ فرائض بیان کریں؟............

2. ترجمہ کریں اور کتاب کا حوالہ دیں: فَرُوْضَهُ خَمْسَةٌ اَلنِّيَّةُ وَهِيَ اِرَادَةُ الْفِعْلِ بِالْقَلْبِ............

3. کیا آپ اہل سنت کی کسی معتبر کتاب سے ثابت کرسکتے ہیں کہ رسول اکرمؐ وضو میں چہرے کو دائیں ہاتھ سے دھوتے تھے؟............

4. چہرہ کس ہاتھ سے دھونا چاہیے حکم اسلامی اور فطرت انسانی کیا ہے؟............

5. اہل سنت کی کتاب مشکوۃ شریف کے مطابق وضو میں بازوؤں کو اوپر سے نیچے دھونے کی کیا دلیل بیان ہوئی ہے؟............

6. کیا قرآن میں "اِلَى الْمرَافِقِ" سے مراد بازوؤں کا انگلیوں سے کہنیوں تک دھونا ثابت نہیں ہے؟............

7. سر کے بعض حصے کا مسح قرآن کے کس لفظ سے ثابت ہے؟............

8. گردن کے مسح کی علت کیا بیان کی گئی ہے کیا علماء اہل سنت اس دلیل کو قبول کرتے ہیں؟............

9. صاحب فتح القدیر سنی عالم گردن کا مسح کرنے کے بارے میں کیا لکھتے ہیں؟............

10. قرآن کی قرأت کا اختلاف حضورؐ کے انتقال کے کتنی دیر بعد ہوا؟............

11. قراء سبعہ کے نام تحریر کریں؟............

12. قرآن کے اعراب کس کے دور میں لگائے گئے؟............

حصّہ: **نماز رسولؐ** (درس6)

1. وہ کون سی شرائط ہیں جن سے سفر میں نماز قصر اور روزہ قضا کرنا پڑتا ہے کوئی دو کا ذکر کریں؟.............................................

.............................................................................................................................................

2. اگر کوئی شخص اپنے وطن سے 5 فرسخ تک سفر کرے اور اسی روز واپس بھی آنا چاہتا ہو۔ تو وہاں اس کی نماز پوری ہوگی یا قصر؟.............

.............................................................................................................................................

3. اگر سفر میں دس روز کے قیام میں تردد (شک) ہو تو نماز قصر یا پوری پڑھی جائے گی؟.............................................

.............................................................................................................................................

4. اگر کسی شخص کی گاڑی گم ہوگئی ہو اور اس نے اسے تلاش کرتے ہوئے 100 کلومیٹر کا سفر کرلیا۔ کیا وہاں وہ نماز پوری پڑھے گا؟.............

.............................................................................................................................................

5. ایک طالب علم دوسرے ملک تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے وطن واپس آگیا۔ کچھ عرصہ بعد وہ پانچ دن کے لیے وہاں گیا۔ کیا وہاں وہ نماز پوری پڑھے گا یا قصر؟.............

.............................................................................................................................................

6. اگر کسی مقام پر دس دن قیام کرنے کے ارادہ سے ایک نماز پوری پڑھ لی ہو اور بعد میں اس کا دس دن کے قیام کا ارادہ بدل جائے اس کے لیے شرعی حکم کیا ہے؟.............

.............................................................................................................................................

7. وہ کون کون سے مقامات ہیں جہاں قصر واجب نہیں ہے؟.............................................

.............................................................................................................................................

8. اگر کوئی شخص کثیر السفر ہو اور اپنی روٹین (روزمرہ) کے سفر کے علاوہ زیارت وغیرہ کا سفر کرے اور وہ زیارت کے سفر میں پوری نماز پڑھے گا یا قصر؟.............

.............................................................................................................................................

9. اگر سفر میں نمازی عمداً نماز پوری پڑھ لے اور وہ احکام قصر بھی جانتا ہو اس کے لیے کیا حکم ہے؟.............................................

.............................................................................................................................................

10. اگر نماز کا وقت آجانے کے بعد سفر کیا ہو اور ابھی نماز نہ پڑھی ہو اور حد ترخص سے نکل گیا ہو تو ایسا شخص نماز قصر پڑھے گا یا پوری؟.............

.............................................................................................................................................

11. مبطلات نماز کتنے ہیں کوئی سے تین کا ذکر کریں؟.............................................

.............................................................................................................................................

12. اگر بھول کر نماز کے کسی رکن میں کمی یا زیادتی ہوجائے اور بعد میں یاد آجائے تو کیا حکم ہے؟.............................................

.............................................................................................................................................

13. اگر بھول کر نماز میں کوئی کمی ہوجائے اور وہ کمی رکن نہ ہو اور اس کے بجالانے کا موقع بھی گزر گیا ہو تو نمازی کے لیے کیا حکم ہے؟.............

.............................................................................................................................................

14. وہ کون کون سے امور ہیں جن کی وجہ سے سجدہ سہو واجب ہوجاتا ہے۔ کوئی سے دو کا ذکر کریں؟.............................................

.............................................................................................................................................

15. سجدہ سہو کی ترکیب مختصراً بیان کریں؟.............................................

.............................................................................................................................................

16. اگر کوئی شخص نماز پڑھنے کے بعد شک کرے تو اس کے لیے کیا حکم ہے؟.............................................

17. عالم دین کی اقتداء میں نماز پڑھنا کتنی فرادیٰ نمازوں کے برابر ہے؟

18. باجماعت نماز کے لیے کم از کم کتنے اشخاص ہونے چاہییں؟

19. کیا نماز یومیہ کے لیے نماز عیدین پڑھنے والے کی اقتداء جائز ہے؟

20. کیا حاضر نمازی مسافر پیش نماز کی اقتداء میں نماز پڑھ سکتا ہے؟

21. اگر کسی شخص نے فرادیٰ نماز پڑھ لی ہو اور وہ اسے جماعت کے ساتھ پڑھنا چاہے تو کیا حکم ہے؟

## حصّہ: **ہمارے عقائد** قیامت، موت کے بعد دوسری زندگی (چوتھا باب)

1. قیامت کے متعلق کیا عقیدہ رکھنا چاہیے؟

2. فرض کریں اگر قیامت نہ ہوتی تو دنیا کی حالت کیا ہوتی ہے جواب میں آیت کا حوالہ دیں؟

3. معادِ جسمانی کا عقیدہ مختصر بیان کریں اور آیت کا حوالہ دیں؟

4. قیامت کے مقابلے میں دنیا کی مثال ایسی ہے جیسے دنیا کے مقابلے میں جنین کی۔ وضاحت کریں؟

5. قیامت کے دن نیک لوگوں کا نامہ اعمال کس ہاتھ میں دیا جائے گا اور برے لوگوں کا نامہ اعمال کس ہاتھ میں آیت کا حوالہ دیں؟

6. قیامت کے دن اللہ کے علاوہ انسانوں کے اعمال پر اور کون کون سے گواہ ہونگے؟

7. پل صراط سے کیا مراد ہے قرآن مجید سے اس کی وضاحت کریں؟

8. میزان اعمال سے کیا مراد ہے آیت سے وضاحت کریں؟

9. اس دنیا میں انسان کی نجات اور کامیابی کا دارومدار اس کے اعمال پر ہے نہ کہ اس کی آرزوؤں اور تصورات پر۔ اس عقیدہ کی وضاحت قرآن سے کریں؟

10. قیامت کے دن اللہ کے حضور شفاعت کا حق کسے ہے نیز ہمارے لیے انبیاءؑ، آئمہؑ اور اولیاء اللہ کی شفاعت کس بات سے مشروط ہوگی؟

11. شفاعت عظمیٰ کا مقام کس ہستی کو حاصل ہے؟

12. بحارالانوار میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی حدیث کے مطابق قیامت کے دن شفاعت کا حق کسے ہے؟

..........................................................................................

13. اہل سنت کی کتاب کنزالعمال کے مطابق قیامت کے روز شفاعت کرنے والے پانچ ہوں گے بیان کریں؟..................

..........................................................................................

14. عالم برزخ کا عقیدہ کیا ہے قرآن سے مختصر بیان کریں؟..................

..........................................................................................

15. عالم برزخ میں تین قسم کے لوگوں کی روحیں ہوں گی؛ نیک لوگ، برے لوگ اور تھوڑے گناہوں والے۔ ان تینوں میں سے کسی ایک کی جزا و سزا کے متعلق بیان کریں؟......

..........................................................................................

16. قیامت کے دن ملنے والا صلہ مادی پہلو بھی رکھتا ہے اور معنوی بھی قرآن سے اس عقیدہ کو مختصراً بیان کریں؟..................

..........................................................................................

17. حضرت علیؑ کا نہج البلاغہ میں دنیا کے بارے میں کیا فرمان ہے؟..................

..........................................................................................

18. دنیا اور آخرت کے درمیان ایک تیسری دنیا ہے اس کا نام بتائیں؟..................

## حصہ: **فرمان رسولؐ** (درس 1 تا 6 ہر درس کی 5 حدیث)

1. حضورؐ کے ان الفاظ "اَنَا اَوَّلُ شَافِعٍ وَّ مُشَفَّعٍ وَّ لَا فَخَرَ" کا ترجمہ کریں اور کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..................

..........................................................................................

..........................................................................................

2. قیامت کے دن کا صاحب شفاعت اور ان کا امام کون ہوگا اہل سنت کی کسی معتبر کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..................

..........................................................................................

3. ان الفاظ "اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَسَدٍ وَلَدَتْ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فِيْ جَوْفِ الْكَعْبَةِ" کا ترجمہ کریں اور کتاب کا حوالہ دیں؟..........

..........................................................................................

..........................................................................................

4. دم بریدہ درود سے کیا مراد ہے جس کی حضورؐ نے ممانعت فرمائی؟..................

..........................................................................................

5. حضرت امام رضا علیہ السلام نے حضورؐ پر درود بھیجنے کا کیا طریقہ بتایا معتبر شیعہ کتاب کا حوالہ دیں؟..................

..........................................................................................

6. حدیث مؤاخات سے کیا مراد ہے حضورؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو کس کا بھائی بنایا؟..................

..........................................................................................

7. ان الفاظ "وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَخُوْهُ وَ وَلِيُّهُ وَابْنُ عَمِّهِ وَ وَارِثُ عِلْمِهِ فَمَنْ اَحَقُّ بِهِ مِنِّيْ" کا ترجمہ کریں اور بتائیں یہ الفاظ کس کے بارے میں ہیں؟..........

..........................................................................................

..........................................................................................

8. زمین و آسمان کی تخلیق سے پہلے جنت کے دروازے پر کون سا کلمہ لکھا ہوا ہے اہل سنت کی کسی کتاب کا حوالہ دیں؟..................

..........................................................................................

9. حدیث ثقلین سے آپ کیا سمجھے ہیں ایک جملے میں بیان کریں؟.............................................

.................................................................................................

10. حضورؐ کے بعد گمراہی سے بچنے کا کون سا طریقہ ہے جواب میں حدیث بیان کریں اور کتاب کا حوالہ بھی دیں؟.............

.................................................................................................

11. رسولؐ نے تین دفعہ یہ الفاظ (اُذَکِّرُکُمُ اللّٰہَ فِیْ اَھْلِ بَیْتِیْ) ارشادفرمائے ان الفاظ کا ترجمہ کریں اور کتاب کا حوالہ دیں؟.............

.................................................................................................

12. کیا حضورؐ کی ازواجؓ آپؐ کے اہل بیتؑ میں شامل ہیں آپ کا جواب صحاح ستہ کی کسی کتاب سے ہونا چاہیے؟.............

.................................................................................................

13. حدیث کے الفاظ (اِنِّیْ تَارِکٌ فِیْکُمْ خَلِیْفَتَیْنِ) میں رسولؐ کے کون سے دو خلیفہ مراد ہیں جو قیامت تک ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو سکتے؟.............

.................................................................................................

14. حضور اکرمؐ نے اپنے بعد کون سے دو صاحبان چھوڑے ہیں اگر کوئی شخص ان کی اتباع نہیں کرے گا تو گمراہ ہو جائے گا؟.............

.................................................................................................

15. حدیث ثقلین میں علامہ ابن حجر نے الصواعق المحرقہ میں کیا تبصرہ کیا ہے؟.............................................

.................................................................................................

17. حدیث کے درج ذیل الفاظ کا ترجمہ کریں اور کتاب کا حوالہ بھی دیں؟ ''وَمَنْ أَطَاعَ عَلِیًّا فَقَدْ أَطَاعَنِیْ وَمَنْ عَصٰی عَلِیًّا فَقَدْ عَصَانِیْ''.............

.................................................................................................

.................................................................................................

## حصّہ: **کلام خدا** (آیت امامت)

1. آیت امامت میں ''کلمات'' سے کیا مراد ہے؟.............................................

.................................................................................................

2. اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو عہدہ امامت عطا کرنے کے لیے مختلف امتحانات میں آزمانے کی شرط کیوں لگائی کیا اللہ تعالیٰ حضرت ابراہیمؑ کی صلاحیتوں سے واقف نہیں تھے

.................................................................................................

.................................................................................................

3. حضرت ابراہیمؑ کے امتحانات بیان کریں؟.............................................

.................................................................................................

4. کیا عہدہ امامت سے مراد نبوت ہے۔ اگر ایسا ہی ہے تو دلائل سے ثابت کریں کہ عہدہ امامت عہدہ نبوت سے بلند و بالا مرتبے کا نام ہے؟.............

.................................................................................................

5. امامت سے کیا مراد ہے نیز ''اِیْصَالُ اِلَی الْمَطْلُوْبِ'' کی وضاحت کریں؟.............................................

.................................................................................................

6. نبوت، رسالت اور امامت میں فرق واضح کریں؟.............................................

.................................................................................................

7. کیا عہدہ امامت حضرت ابراہیمؑ کی آخری سیر تکامل تھی؟.............................................

..........................................................................................................................................................................

8. ظلم سے کیا مراد ہے اور آیت میں لَایَنَالُ عَھْدِی الظّٰلِمِیْنَ کی وضاحت کریں؟..........................................................

..........................................................................................................................................................................

9. قرآن کی روشنی میں حضرت ابراہیمؑ کی امامت بیان کریں؟..........................................................................

..........................................................................................................................................................................

10. امام کا تعین کس طرف سے ہوتا ہے؟..........................................................................................

..........................................................................................................................................................................

11. کیا خدا کے سوا عصمت کی صفت سے کوئی اور آگاہ ہوسکتا ہے؟..........................................................................

..........................................................................................................................................................................

12. اگر امام کا کام اِیْصَالٌ اِلَی الْمَطْلُوْبِ یعنی منصبوں کو عملی جامہ پہنانا تو اس مفہوم کے اعتبار سے حضورؐ اور آئمہؑ کے ہاتھوں اس کی عملی شکل تو سامنے نہیں آئی بلکہ ان کے مقابلے میں ہمیشہ گنہگار اور گمراہ لوگ برسر اقتدار رہے بیان کریں؟..........................................................................

..........................................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................................

13. اگر امامت نبوت اور رسالت سے بلند مرتبہ ہے تو کیا ضروری نہیں ہے کہ ہر امام پہلے نبی یا رسول ہو جبکہ رسالت مآبؐ کے معصومؑ جانشین ایسے تو نہ تھے؟..................

..........................................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................................

## ناظرہ مشق ، زبانی مشق ، عملی مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ناظرہ مشقیں: | (i) معلّم تجوید و قرأت ۔ اوّل (سبق 49 تا 64) | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| | (ii) دعائے علقمہ | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| زبانی مشق: | (i) سفر کرنے کی دعا (زبانی) | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| | (ii) دعائے سجدہ (زبانی) | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| عملی مشق: | (i) اعمال عاشورہ ۔ دوسرا طریقہ | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |

**ناظرہ ، زبانی اور عملی مشق کو دیکھنے والے استاد محترم اپنے بارے میں تحریر فرمائیں:**

..نام.......................................... دنیاوی تعلیم ........................................ دینی تعلیم ..............................

پتہ................................................................................ فون ..............................................

تعلیمات قرآن واہل بیتؑ کے اس عظیم پروگرام کی بہتری اور ترقی کے لیے اگر آپ کوئی مفید اور قابل عمل رائے دینا چاہیں تو ہمیں ضرور لکھیں۔

تاریخ:.......................................... دستخط:..........................................

جامعہ مصباح الدجی کے علماء کرام اور انتظامیہ آپ کے پُر خلوص تعاون کے لیے انتہائی شکر گزار ہیں۔